غیرامتیازی پالیسی کی عوامی اطلاع

نیویارک شہر محکمۂ تعلیم (DOE) کی پالیسی ہے کہ وہ قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کے مطابق اور اصل یا ادراکی نسل، رنگ، مذہب، عقیدہ، قومیت، قومی نژاد، غیرملکی ہونا، شہریت کی حیثیت، عمر، ازدواجی حیثیت، شراکت داری کی حیثیت، معذوری، جنسی رجحان، جنس (بشمول حقیقی یا ادراکی جنسی شناخت، جنسی اظہار، حمل/حمل یا بچے کی پیدائش سے متعلق حالات)، قد، وزن، فوجی حیثیت، بے روزگاری کی حیثیت، سابقہ گرفتاری یا سزا کا ریکارڈ ، نگہداشت کرنے والے کی حیثیت، صارفین کی کریڈٹ ہسٹری، جینیاتی خصوصیات کا رجحان، تنخواہ کی تاریخ، جنسی اور تولیدی صحت کے فیصلے، یا گھریلو تشدد، جنسی جرائم، یا تعاقب کا شکار ہونے کی حیثیت کے بغیر روزگار کے یکساں مواقع فراہم کرے، اور مذکورہ بالا کسی بھی تحفظ کردہ درجہ بندیوں کی بنیاد پر بشمول جنسی ہراس اور انتقام سے مبّرا ماحول برقرار رکھے۔

محکمۂ تعلیم (DOE) کی یہ پالیسی ہے کہ وہ قابلِ اطلاق قوانین اور ضوابط کے تحت اور اصل یا تصور کردہ نسل، رنگ، مذہب، عمر، عقیدہ، نسلی پس منظر، قومی نژاد، غیرملکی ہونا، شہریت کی صورتِ حال، معذوری، جنسی رجحان، صنعف جنس، (بشمول اصل یا ادراکی جنسی شناخت، جنسی اظہار، زچگی / حمل یا بچے کی پیدائش سے متعلق حالات)، یا وزن سے قطع نظر یکساں تعلیمی مواقع مہیا کرے اور مذکورہ بالا کسی بھی تحفظ کردہ درجہ بندیوں کی بنیاد پر بشمول جنسی ہراسانی اورانتقام سے مبّرا ماحول برقرار رکھے۔

یہ محکمۂ تعلیم کی پالیسی ہے کہ یہ یقینی بنائے کہ محکمۂ تعلیم کے پروگرام، اور سرگرمیاں، بشمول محکمۂ تعلیم کے عوامی اجلاس والدین، سرپرست، طلباء، اور دیگر کے لیے قابل رسائی ہوں جو محکمۂ تعلیم کے ساتھ کاروبار کرتے ہیں، محکمۂ تعلیم کے ملازمین یا طلباء کے ساتھ کام کرتے ہیں، محکمۂ تعلیم کی سہولیات استعمال کرتے ہیں یا کسی دیگر انداز میں محکمۂ تعلیم کے ساتھ منسلک ہیں انہیں اصل یا ادراکی نسل، رنگ، مذہب، عمر، عقیدہ، نسلی پس منظر، قومی نژاد، غیرملکی ہونا، شہریت کی صورتِ حال، معذوری، جنسی رجحان، صنعف جنس، قد، وزن، ازدواجی حیثیت، پارٹنرشپ کی حثیت یا فوجی حیثیت سے قطع نظر خدمات اور سرگرمیوں تک رسائی حاصل ہو۔

یہ پالیسی شہری حقوق ایکٹ 1964 کے زمرہ VI اور زمرہ VII، تعلیمی ترامیم 1972 کے زمرہ IX، ملازمت میں عمر کا امتیاز ایکٹ 1967، بحالی ایکٹ 1973 کے سیکشن 503 اور سیشکن 504، منصفانہ ملازمت کے معیارات کی ترمیمات 1974، نقل وطنی اصلاحات اور ضابطہ ایکٹ 1986، معذوری کے حامل امریکیوں کا ایکٹ 1990، شہری حقوق ایکٹ1991، نیویارک ریاست اور شہری قوانین برائے انسانی حقوق اور نیویارک شہر کے محکمۂ تعلیم کے اجتماعی سودے کاری کے معاہدوں میں غیرامتیازیت کی شرائط کے مطابق ہے۔

چانسلر کا ضابطہ A-830 ملازمین، طلبا کے والدین، طلبا اور محکمۂ تعلیم کے ساتھ کاروبار کرنے والے دیگر افراد، محکمۂ تعلیم کے ملازمین یا طلباء کے ساتھ کام کرنے والے، محکمۂ تعلیم کی سہولیات استعمال کرنے والوں یا بصورت دیگر محکمۂ تعلیم کے ساتھ تعامل کرنے والے افراد کے لیے، محکمۂ تعلیم کے ملازمین یا جو افراد محکمۂ تعلیم کے ملازم نہیں ہیں لیکن یہ محکمۂ تعلیم ملازمین یا طلباء کے لیے کام کرتے ہیں انکے ذریعے غیرقانونی امتیازیت، ایذا رسانی کی نالش دائر کرنے یا ایسی نالشوں پر مبنی انتقامی کارروائی کی نالش دائر کرنے کا طریقِ کار قائم کرتا ہے۔ نالشیں دفتر برائے یکساں مواقع و تنوع کی انتظامیہ (OEO) سے رابطہ کرکے یا ذیل میں نشاندہی کردہ کسی ایک ادارے سے رابطہ کرکے دائر کی جاسکتی ہیں۔ چانسلر کے ضابطے A-830 کی ایک نقل OEO سے یا یہاں سے حاصل کی جاسکتی ہے
us/policies/chancellors-regulations-https://www.schools.nyc.gov/about

محکمۂ تعلیم کے وسائل:

مرکزی دفتر:

Office of Equal Opportunity & Diversity Management
New York City Department of Education
110 William Street, 15th Floor
New York, NY 10038
ٹیلیفون: 718-935-3320
oeoinquiries@schools.nyc.gov

زمرہ IX کی تعمیل سے متعلق سوالات کے لیے یہاں رابطہ کریں:

Title IX Coordinator
110 William Street, 15th Floor
New York, NY 10038
ٹیلیفون:718-935-4987
Title_IX_Inquiries@schools.nyc.gov

سیکشن 504 سہولیات سے متعلق سوالات کے لیے یہاں رابطہ کریں:

Section 504 Coordinator Office
of School Health
110 William Street, 15th Floor New
York, NY 10038
ٹیلیفون: (212)-287-0354
504Questions@schools.nyc.gov

بیرونی وسائل:

- U.S. Equal Employment Opportunity Commission, New York District Office – 33 Whitehall Street 5th Floor, New York, NY 10004 – 212-336-3620
- Office for Civil Rights, New York Office U.S. Department of Education – 32 Old Slip, 26th Floor, New York, NY 10005-2500 – 646-428-3900
- New York State Division of Human Rights – 1 Fordham Plaza – 4th floor, Bronx, NY 10458 – 718-741-8400
- New York City Commission on Human Rights – 22 Reade Street – 1st floor, New York, NY 10007 – 212-306-7450